
# ۱۱۔ لال بہادر شاستری



لال بہادر شاستری ہمارے ملک کے دوسرے وزیرِاعظم تھے۔ وہ مغل سَرائے کے ایک غریب گھرانے میں پیدا ہوئے تھے۔ ان کے والد کا نام شاردا پرساد اور والدہ کا نام رام دُلاری دیوی تھا۔ وہ اپنے ماں باپ کے اکلوتے بیٹے تھے۔

لال بہادر شاستری دو ہی سال کے تھے کہ اچانک ان کے والد کا انتقال ہوگیا۔ والدہ کے ساتھ وہ ننھیال میں آ کر رہنے لگے۔ یہیں ان کا بچپن گزرا۔ یہاں وہ اپنے دوستوں کے ساتھ سیر کو جاتے تھے اور گاؤں کی ندی میں خوب تیرتے تھے۔ دوستوں کے ساتھ ان کا برتاؤ ہمیشہ اچّھا رہا۔ انھوں نے بچپن ہی میں طے کرلیا تھا کہ خوب محنت سے پڑھوں گا اور اپنی والدہ کو سکھ پہنچاؤں گا۔

لال بہادر اسکول میں اپنے استاد کا ہر حکم مانتے تھے۔ خوب محنت سے پڑھتے تھے اور انھیں کھیلنے کا بڑا شوق تھا۔ اسکوُل میں ان کا رہن سہن نہایت سادہ تھا۔ اپنے کپڑے وہ خود دھوتے اور چپّلوں کو درست کر لیتے تھے۔ کبھی کبھار تو وہ ننگے پیر ہی اسکوُل چلے جاتے۔

ایک بار وہ گنگا کے اس پار جاترا دیکھنے گئے۔ واپس لوٹتے ہوئے شام ہوگئی۔ ان کے سب ساتھی ناؤ میں بیٹھ کر دوُسرے کنارے آ گئے مگر لال بہادر ابھی تک واپس نہ لوٹے تھے۔ ان کے دوستوں کو فکر ہوئی۔ کچھ دوُری پر انھیں ایک لڑکا تیر کر کنارے کی طرف بڑھتا نظر آیا۔ یہ لال بہادر تھے۔ اصل میں ان کے پاس ناؤ والے کو دینے کے لیے پیسے نہ تھے اس لیے انھوں نے تیر کر ندی پار کی۔

جب لال بہادر میٹرک میں تھے، انھوں نے ایک بار گاندھی جی کی تقریر سنی۔ اس تقریر کا ان پر بڑا اثر ہوا۔ اسی وقت انھوں نے اپنے وطن کی خدمت کرنے کی ٹھان لی۔ انھوں نے سَتّیہ گرہ میں حصّہ لیا۔ وہ کھادی کے کپڑے پہننے لگے۔ آزادی کے لیے وہ کئی بار جیل بھی گئے۔ انھوں نے وطن کی خدمت کے ساتھ اپنی تعلیم کا بھی

خیال رکھا۔ ہمارے ملک کے پہلے وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو انھیں بہت چاہتے تھے۔

پنڈت نہرو کے بعد لال بہادر شاستری بھارت کے وزیر اعظم بنے۔ ملک کی ترقّی کے لیے وہ عمر بھر کوشش کرتے رہے۔ وہ اٹھارہ ماہ تک وزیر اعظم رہے۔ 'جے جوان جے کسان' کا مشہور نعرہ انھی کا دیا ہوا ہے۔ ان کا انتقال تاشقَند میں ہوا۔

(ادارہ)

## مشقی سرگرمیاں

❁ دیکھو، پڑھو، لکھو۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| شاستری (شا - س - تَ - ری) | ..................... | اکلوتے (اِک - لَو - تے) | ..................... |
| ننھیال (ننھ - یا - ل) | ..................... | میٹرک (میٹ - رِک) | ..................... |
| پنڈت (پَن - ڈِت) | ..................... | انتقال (اِن - تِ - قال) | ..................... |

❁ خالی جگہ میں صحیح لفظ لکھ کر جملے دوبارہ لکھو۔

(حکم ، اکلوتے ، اچھا ، نعرہ ، وطن)

۱) لال بہادر اپنے ماں باپ کے ..................... بیٹے تھے۔

۲) دوستوں کے ساتھ ان کا برتاؤ ہمیشہ ..................... رہا۔

۳) لال بہادر اسکول میں اپنے استاد کا ہر ..................... مانتے تھے۔

۴) انھوں نے ..................... کی خدمت کے ساتھ اپنی تعلیم کا بھی خیال رکھا۔

۵) 'جے جوان جے کسان' کا مشہور ..................... انھی کا دیا ہوا ہے۔

❁ سبق کی مدد سے خالی چوکون بھرو۔

ہمارے ملک کے وزیر اعظم

پہلے: [ ]

دوسرے: [ ]

❁ دی ہوئی مثال دیکھ کر رشتے جوڑو۔

مثال : ماں - باپ

| | |
|---|---|
| دادی | نانا |
| نانی | دادا |
| چاچی | پھوپھا |
| پھوپھی | چاچا |

❁ دیے ہوئے لفظ کی مدد سے لال بہادر شاستری کے بارے میں خالی چوکون میں پورا جملہ لکھو۔

| | | |
|---|---|---|
| لال بہادر شاستری | حکم | |
| | محنت | |
| | شوق | |
| | خدمت | |

❁ نیچے دیے ہوئے لفظوں سے خالی جگہ بھرو۔

رام دلاری دیوی ، تاشقند ، شاردا پرساد ، مغل سرائے

| | | |
|---|---|---|
| ..................... | | ..................... |
| والد | | والدہ |
| | لال بہادر شاستری | |
| پیدائش | | انتقال |
| ..................... | | ..................... |

❁ نیچے دیے ہوئے سوالوں کے جواب ایک جملے میں لکھو۔

۱) لال بہادر شاستری کا بچپن کہاں گزرا؟

۲) لال بہادر شاستری نے بچپن میں کیا طے کرلیا تھا؟

۳) لال بہادر شاستری کا رہن سہن کیسا تھا؟

۴) لال بہادر شاستری نے تیرکر ندی کیوں پار کی؟

۵) لال بہادر شاستری کتنے سال وزیراعظم رہے؟

❁ صحیح جواب پر [✓] نشان لگاؤ اور غلط جواب پر [✗] نشان لگاؤ۔

۱) لال بہادر شاستری ہمارے ملک کے پہلے / دوسرے وزیرِاعظم تھے۔

۲) وہ دو سال / پانچ سال کے تھے جب ان کے والد کا انتقال ہوگیا۔

۳) دوستوں کے ساتھ ان کا برتاؤ ہمیشہ بُرا / اچھا رہا۔

۴) اپنے کپڑے وہ خود دھوتے / سیتے تھے۔


۵) انھوں نے وطن کی خدمت / عزّت کرنے کی ٹھان لی۔

❁ دی ہوئی مثال کے مطابق خالی جگہ میں لفظ لکھو۔

مثال : لڑکا  لڑکے

| ایک | ایک سے زیادہ |
| --- | --- |
| ............... | بیٹے |
| پیسا | ............... |
| کپڑا | ............... |
| ............... | کنارے |

سرگرمی : نیچے چار پھلوں کی تصویریں دی ہوئی ہیں۔ تصویروں میں رنگ بھرو اور ان کے نیچے ان کے نام لکھو۔

| | | | |
| --- | --- | --- | --- |
|  |  |  |  |
| | | | |

☆ ان میں سے کون سا پھل کھٹّا بھی ہوتا ہے؟

☆ تمھیں کون سا پھل پسند ہے؟

**کیا تم جانتے ہو؟**

دریا بہتا ہے۔ موج اُٹھتی ہے۔ ہوا چلتی ہے۔

دِن ڈھلتا ہے۔ موسم بدلتا ہے۔ آبشار گرتا ہے۔

بجلی چمکتی ہے۔ بادل گرجتا ہے۔ دھوئیں اُڑتی ہے۔

E96WXD

❁ نیچے دی ہوئی تصویر دیکھو اور سوالوں کے جواب لکھو۔




۱) یہ کس جگہ کی تصویر ہے؟

۲) تصویر میں کتنی بسیں نظر آ رہی ہیں؟

۳) تصویر میں کون کون سے رنگ دِکھائی دے رہے ہیں؟

۴) تصویر میں کیا کمی نظر آ رہی ہے؟